# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 05 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۵/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::::سرخیاں:::::::

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆PM کسان سمّان فنڈ کے ذریعے ملک بھر میں اب تک کسانوں کو کم وبیش 3 لاکھ کروڑ روپیوں کی مالی مدد۔

☆سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں پانچ ملزمین گرفتار۔ 18 جنوری تک CID تحویل۔

☆ناندیڑ شہر میں گذشتہ پیش آئے دھماکے کے تمام 12 ملزمین باعزت بری۔

☆چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن اسکول کے طلباء سیکھ رہے ہیں جرمن زبان کے سبق۔

☆بارڈر گاوسکر ٹیسٹ کرکٹ سیریز کے پانچویں میچ میں چھ وکٹوں سے آسٹریلیاء کی جیت۔

***** **** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

PM کسان سمّان فنڈ کے ذریعے کسانوں کو کم وبیش 3/لاکھ کروڑ روپیوں کی مالی مدد کی گئی ہے۔وزیراعظم نریندر مودی نے کل دلی میں گرامین بھارت مہوتسو 2025 کا افتتاح کیا۔جس کے بعد انہوں نے یہ اطلاع دی۔وزیراعظم نے بتایا کہ گذشتہ 10 برسوں میں زرعی قرض کی رقم میں ساڑھے تین گنا اضافہ ہوا ہے۔مودی نے کہا کہ:

***** **** *****

زرعی اجناس کی قیمتوں کے فرق کو پر کرنے کے لیے مال برداری اور ذخیرہ اندوزی کے اخراجات حکومت برداشت کرے گی۔زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کل نئی دہلی میں ریاستی اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے زراعت کے وزراء کی جائزاتی میٹنگ میں یہ معلومات دی۔چوہان نے بتایا کہ اس برس زراعت اور متعلقہ شعبوں میں ترقی کی شرح ساڑھے 3 تا 4 فیصد کے درمیان رہنے کی توقع ہے۔

***** **** *****

ملک میں سائنس کے شعبے میں اہم کردار ادا کرنے والے طبعیات کے ماہر سائنس داں ڈاکٹر راج گوپال چدمبرم کا کل الصبح ممبئی میں ضعیف العمری کے سبب انتقال ہوگیا۔وہ 88 برس کے تھے۔انہوں نے مرکزی حکومت کے چیف سائنسی صلاح کار بھابھا اٹامک ریسرچ سینٹر کے ڈائریکٹر، ایٹمی توانائی کمیشن کے چیئرمین اور جوہری توانائی محکمے کے چیف سیکریٹری کے طور پر خدمات انجام دی۔آنجہانی چدمبرم کو پدم شری، پدم وبھوشن جیسے عوامی اعزازات سے نوازا گیا۔وزیراعظم نریندر مودی نے ان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ریاست میں مختلف منصوبہ بندی کے اداروں کو بااختیار بنانے اور انہیں کمپنی کے خطوط پر کام کرنے کی ہدایات دی ہیں۔وزیراعلیٰ کل شہری ترقیات کے محکمے کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کل خواتین اور بچوں کی ترقی کے محکمے کی جانب سے آئندہ 100 دنوں میں کئے جانے والے کاموں کا بھی جائزہ لیا۔وزیراعلیٰ نے شہری علاقوں،خاص کرممبئی عظمیٰ کی کچی آبادیوں میں غذائی قلت کے خاتمے کی مہم کو موثر طریقے سے نافذ کرنے کا مشورہ دیا۔

***** **** *****

بیڑ ضلع کے مساجوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل معاملے میں فرار ملزمین سدرشن گھلے اور سدھیر سنگلے کو پونے سے جبکہ سدھارتھ سونونے کو ممبئی سے گرفتار کیا گیا ہے اور ان تینوں ملزمان کو کام میں مدد کرنے کے الزام میں ڈاکٹر سنبھاجی وائے بسے اور ان کی وکیل بیوی کو ناندیڑ سے حراست میں لیا گیا ہے ۔ان تمام ملزمین کو کل بیڑ کے تعلقہ کیج کی عدالت میں حاضر کیا گیا۔عدالت نے ان سبھی کو 18 جنوری تک CID تحویل میں رکھنے کی ہدایت دی ہے۔بیڑ میں موجود ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ اس قتل معاملے کے زیادہ تر اہم ملزمین پکڑے جاچکے ہیں۔اب CID & SIT دستوں کی جانب سے تفتیش مکمل ہونے پر چارج شیٹ داخل کئے جانے کا انتظار ہے۔

اسی بیچ اس قتل معاملے کی مذمت میں کل پربھنی میں کل جماعتی خاموش مورچے کا اہتمام کیا گیا۔اس خاموش جلوس میں رکن پارلیمان سنجے جادھو، اراکین اسمبلی سریش دھس،سندیپ شرساگر،راہل پاٹل،راجیش وٹیکر سمیت آنجہانی سنتوش دیشمکھ کے بھائی دھننجے دیشمکھ سمیت سینکڑوں شہریان نے شرکت کی۔

***** **** *****

عدالت نے ناندیڑ شہر میں گذشتہ پیش آئے دھماکے کے معاملے میں تمام 12 ملزمین کو باعزت بری کر دیا ہے۔6/اپریل 2006 کو ناندیڑ شہر کے پاٹ بندھارے نگر کے ایک مکان میں ہوئے دھماکے کے معاملے میں 18 برس بعد عدالت نے فیصلہ سنایا۔اس معاملے کے 12/ملزمین میں سے 2 کی دھماکے سے موت ہوگئی تھی۔مرکزی تفتیشی ادارے سی بی آئی نے اس معاملے میں 2 ہزار صفحات کی چارج شیٹ داخل کی تھی۔تاہم یہ ثابت نہ ہوسکا کہ یہ بم دھماکہ تھا۔لہذا عدالت نے تمام ملزمین کو پٹاخے کا دھماکہ سمجھتے ہوئے بری کر دیا۔

***** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن اسکولوں کے طلباء اب جرمن زبان کی A,B,C,D کے سبق لے رہے ہیں۔کارپوریشن کے پریہ درشنی اسکول میں میونسپل کمشنر جی۔شریکانت اور ڈپٹی کمشنر انکوش پنڈھرے کی رہنمائی میں نئے سال سے اس پروگرام کی شروعات کی ہے۔عالمی سطح پر اعلیٰ اور ثانوی تعلیم کو پیشہ وارانہ کرنے کے نقطہ نظر سے طلباء تیار کرنا اس پروگرام کا اہم مقصد ہے۔اسکول کے ہیڈ ماسٹر سنجیو سونار نے آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ اگر ہمارے طلباء کو وہاں اسکوپ چاہیئے یعنی وہ وہاں تعلیم حاصل کرنا یا ملازمت کرنا چاہتے ہیں تو انہیں جرمن زبان بولنا آنا چاہیئے۔ سونار نے کہا کہ اگر طلباء کو ابتدائی جرمن سکھائی گئی تو اس سے ان میں دلچسپی پیدا ہوگی۔جس کے بعد وہ ضرور جرمن میں اعلیٰ تعلیم حاصل کریں گے۔انہوں نے بتایا کہ ہمارے اساتذہ گذشتہ تین مہینوں سے جرمن زبان آن لائن طریقے سے سیکھ رہے ہیں اور اب طلباء کو سکھا رہے ہیں۔

***** **** *****

اکھیل بھارتیہ ودیارتھی پریشد کے دیوگیری خطے کا 69 واں سہ روزہ اجلاس کل لاتور میں ختم ہوا۔ اس اجلاس میں ایک تجویز کو منظوری دی گئی کہ حکومت نوجوانوں کو تعلیم، سماجی حیثیت، خودروزگار اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور کاروباری ترقی کی طرف راغب کرنے کے لئے پالیسی وضع کرے۔ تعلیمی ماہر انیل راؤ نے کنونشن کے آخری دن قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے عنوان پر رہنمائی کی۔ ڈاکٹر منوہر چاسکر، سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر اس اجلاس میں خاص طور پر شریک تھے۔

***** **** *****

ناندیڑ ضلع کی مالیگاؤں یاترا میں سرکاری پروگرامز آج اختتام پذیر ہورہے ہیں۔ اس یاترا میں آج کشتی کا مقابلہ ہوگا اور ہفتہ بھر چلنے والے مختلف مقابلوں کی تقسیم انعامات کی تقریب بھی منعقد کی جائے گی۔ کل ہوئے شنکر یٹ بیلوں کی دوڑ کے مقابلے میں 58 بیلوں کی جوڑیوں نے حصہ لیا۔ ان میں ہنگولی ضلع کے اوندھا تعلقے کی پمپلداری کے مہادیو کونڈیبا ریٹے کے بیلوں کی جوڑی نے مقررہ فاصلہ صرف ساڑھے 4 سیکنڈ میں عبور کرکے پہلا مقام حاصل کیا۔

***** **** *****

گنگاپور تعلقے کے رائے پور علاقے میں قصاب کھیڑہ سے قریب گذشتہ جمعہ سے جاری ضلع کا تبلیغی اجتماع آج بعد نماز مغرب مہاراشٹر کے ذمہ دار مولانا حافظ منظور صاحب کی دعا پر اختتام پذیر ہوگا۔ آج عصر کی نماز کے بعد 101 جوڑوں کے نکاں ہونگے۔ اس اجتماع میں اب تک کم وبیش دیڑھ لاکھ فرزندان توحید نے شرکت کی ہے۔

***** **** *****

بارڈر گاوسکر ٹیسٹ کرکٹ سیریز کے 5 ویں میچ میں بھارت نے آسٹریلیاء کو 162 رنوں کا ہدف دیا۔ میچ کے آج کے تیسرے دن کے آغاز میں بھارتی ٹیم کی دوسری اننگز صرف 157 رنوں پر ختم ہوگئی۔ اس اننگز میں رشبھ پنت کے 60 رنوں کے علاوہ کوئی بھی بڑا اسکور نہیں کرسکا۔ آسٹریلیاء نے یہ میچ چھ وکٹوں سے جیت لیا ہے۔

***** **** *****

ناندیڑ ڈویژن کے اسپیشل انسپکٹر جنرل آف پولس نے شاہ جی اماپ نے کہا ہے کہ اگر ٹریفک قوانین پر عمل کیا جائے تو بہت سے لوگوں کی جانین بچائی جاسکتی ہیں۔ وہ کل ہنگولی میں روڈ سیفٹی مہم کے افتتاح کے موقع پر بول رہے تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کلکٹر ابھینو گوئل نے کہا کہ روڈ سیفٹی مہم سے متعلق اسکولوں اور کالجوں میں مختلف ورکشاپس، بائیک کی سواری، آنکھوں کے جانچ کیمپس اور بیداری کے پروگراموں کو نافذ کیا جارہا ہے۔

***** **** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆PM کسان سمّان فنڈ کے ذریعے ملک بھر میں اب تک کسانوں کو کم و بیش 3 لاکھ کروڑ روپیوں کی مالی مدد۔

☆سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں پانچ ملزمین گرفتار۔ 18 جنوری تک CID تحویل۔

☆ناندیڑ شہر میں گذشتہ پیش آئے دھماکے کے تمام 12 ملزمین باعزت بری۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن اسکول کے طلباء سیکھ رہے ہیں جرمن زبان کے سبق۔

☆ بارڈر گاوسکر ٹیسٹ کرکٹ سیریز کے پانچویں میچ میں چھ وکٹوں سے آسٹریلیاء کی جیت۔

***** **** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****